اس کے ساتھ ساتھ دارالعلوم میں تعطیلات کے دوران حسب معمول دورہ میراث بھی مولانا مفتی سیف اللہ صاحب پڑھا رہے ہیں۔

استاذ حدیث حضرت مولانا مفتی سیف اللہ صاحب کو صدمہ: گزشتہ دنوں دارالعلوم حقانیہ کے استاذ حدیث اور رئیس دارالافتاء کے والد ماجد حاجی ہاشم خان طویل علالت کے بعد ۷ ستمبر ۲۰۰۴ء کو دارالعلوم میں انتقال فرماگئے۔ دارالعلوم حقانیہ کے صحن میں ان کی نماز جنازہ ادا کی گئی۔ اس موقع پر دارالعلوم کے تمام اساتذہ وشیوخ کے علاوہ صحافیوں اور علاقے کے کثیر تعداد نے جنازہ میں شرکت کی۔ حضرت مولانا انوارالحق صاحب نائب مہتمم دارالعلوم حقانیہ نے نماز جنازہ پڑھائی۔ بعدازاں ان کی میت اپنے آبائی گاؤں لکی مروت لے جائی گئی۔ اس موقع پر حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ پنجاب کے دوروں پر تھے۔ انہوں نے خصوصی طور پر لکی مروت جاکر حضرت مولانا مفتی سیف اللہ صاحب کے ساتھ تعزیت کی۔ مرحوم اکوڑہ خٹک پریس کلب کے چیئرمین انور مسرور مروت کے دادا تھے۔ ادارہ قارئین الحق سے ان کے لئے دعائے مغفرت کی اپیل کرتا ہے۔

دارالعلوم کے ایک مخلص ومہربان کو صدمہ: گزشتہ ماہ دارالعلوم کے خصوصی معاون جناب ڈاکٹر مختیار صاحب کی والدہ ماجدہ کا انتقال ہوا۔ مرحومہ انتہائی نیک صالح اور پاکباز خاتون تھیں اور پسماندگان میں ڈاکٹر صاحب جیسے نیک اور علماء ومدارس سے محبت کرنے والے چھوڑے ہیں۔ قارئین الحق سے ان کے لئے دعائے مغفرت اور رفع درجات کی اپیل ہے۔

بقیہ: صفحہ ۲۸ سے **"احترام رسالت کے ایمانی تقاضے"**

حضور ﷺ کے ساتھ کھجور کا خشک تنا اپنی محبت کا اظہار کرتا ہے' آپ کی دوری وجدائی میں تڑپتا ہے' بے قرار ہوتا ہے تو اس کے بدلے میں اسے دنیا کی چندروزہ بہاروں کی بجائے جنت کی پائیدار وابدی سرسبزی وشادابی نصیب ہوتی ہے۔ تو کیا ہم حضور ﷺ پر ایمان لانے والے ان سے محبت وعقیدت کے دعویدار انسان آپ کی محبت احترام و عقیدت کی وہی کیفیت اپنے اندر پیدا نہیں کرسکتے جس کے نتیجہ میں دنیا کی چندروزہ بہاروں' شادابیوں کی بجائے حضورؐ کے احکامات وتعلیمات وہدایات کو ترجیح دے کر اولیت دے' آپ کی شفقت وشفاعت کے مستحق بن جائیں' حضورؐ کی بات اونچی رہ جائے اور ہم اپنی بات اونچی رکھنے پر اصرار نہ کریں' اسے اونچا رکھیں' جسے خدا نے اونچا رکھا ہے' ورفعنا لک ذکرک' ہم تمہارا ذکر بلند رکھیں گے' آؤ ہم بھی آپ کے ذکر کو بلند رکھنے میں شریک ہوجائیں۔

کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح وقلم تیرے ہیں